**Roll No.** | | | | | | | | |

(Write Roll Number from left side exactly as in the Admit Card)

*Signature of Invigilator*

**Question Booklet Series** **X**

**PAPER–II** **Question Booklet No.**

(Identical with OMR Answer Sheet Number)

**Subject Code : 05**

# URDU

*Time : 2 Hours* *Maximum Marks: 200*

***Instructions for the Candidates***

1. Write your Roll Number in the space provided on the top of this page as well as on the OMR Sheet provided.
2. At the commencement of the examination, the question booklet will be given to you. In the first 5 (five) minutes, you are requested to open the booklet and verify it:
   (i) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page.
   (ii) Faulty booklet, if detected, should be got replaced immediately by a correct booklet from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given.
   (iii) Verify whether the Question Booklet No. is identical with OMR Answer Sheet No.; if not, the full set is to be replaced.
   (iv) After this verification is over, the Question Booklet Series and Question Booklet Number should be entered on the OMR Sheet.
3. This paper consists of One Hundred (100) multiple-choice type questions. All the questions are compulsory. Each question carries *two* marks.
4. Each Question has four alternative responses marked: (A) (B) (C) (D) . You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each question.
   *Example:* (A) (B) ● (D) , where (C) is the correct response.
5. Your responses to the questions are to be indicated correctly in the OMR Sheet. If you mark your response at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Rough work is to be done at the end of this booklet.
7. If you write your Name, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except in the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity or use abusive language or employ any other unfair means, such as change of response by scratching or using white fluid, you will render yourself liable to disqualification.
8. Do not tamper or fold the OMR Sheet in any way. If you do so, your OMR Sheet will not be evaluated.
9. You have to return the Original OMR Sheet to the invigilator at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are, however, allowed to carry question booklet and duplicate copy of OMR Sheet after completion of examination.
10. **Use only Black Ball point pen.**
11. **Use of any calculator, mobile phone, electronic devices/gadgets etc. is strictly prohibited.**
12. **There is no negative marks for incorrect answer.**

اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اس سوال کتابچہ کے اوپر دی گئی جگہ پر اور مہیّا کیے گئے OMR شیٹ پر اپنا رول نمبر لکھیے۔
2. امتحان شروع ہوتے ہی، آپ کو سوال کتابچہ دے دیا جائے گا۔
   آپ کو ہدایت دی جاتی ہے کہ ابتدائی پانچ منٹ کے اندر سوال کتابچہ کو کھول کر تصدیق کر لیجیے۔
   (i) سوال کتابچہ تک رسائی کے لیے، اس کے سرِ روق کے کنارے پر لگے ہوئے مہر (یعنی سیل) کو کھول لیجیے۔
   (ii) اگر سوال کتابچہ غلط ہو تو فوراً اس کے بدلے میں نگراں سے صحیح کتابچہ، پانچ (5) منٹ کے اندر حاصل کر لیجیے۔ بعد میں نہ سوال کتابچہ تبدیل کیا جائے گا اور نہ ہی مزید وقت دیا جائے گا۔
   (iii) تصدیق کر لیجیے کہ OMR جواب نامہ کے نمبر اور سوال کتابچہ کے نمبر میں مطابقت ہے۔ اگر نہیں تو کتابچہ تبدیل کرنا پڑے گا۔
   (iv) تصدیق ہو جانے کے بعد ہی سوال کتابچہ سیریز اور سوال کتابچہ نمبر، OMR شیٹ پر درج کرنا چاہیے۔
3. اس پرچہ میں سَو (100) کثیر الانتخاب سوالات ہیں۔ سارے سوالات ضروری ہیں۔ ہر سوال دو (2) نمبر کا ہے۔
4. ہر سوال کے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ جیسے: (A) (B) (C) (D). ان میں سے کسی ایک گول دائرہ کو مکمل طور پر بھر کے سیاہ کر دینا ہے۔ جیسا کہ نیچے دیئے گئے مثال میں بتایا گیا ہے۔
   مثال: (A) (B) ● (D)، یعنی (C) صحیح جواب ہے۔
5. سوالات کے حوالے سے آپ کے جوابات کی صحیح نشاندہی OMR شیٹ میں ہونی چاہیے۔ اگر آپ اپنے جواب کی نشاندہی، OMR شیٹ میں دیئے گئے دائرے کے علاوہ کہیں اور کر دیتے ہیں تو اس کا جائزہ نہیں لیا جائے گا۔
6. کُھر دار کام اس کتابچہ کے آخری میں کیا جائے گا۔
7. اگر آپ نے اپنا نام، فون نمبر یا کوئی نشان، OMR شیٹ پر لگایا، متعلقہ اندراج کے علاوہ، جو آپ کی شناخت کا انکشاف کرے یا آپ نے غلط زبانی کی یا کوئی غیر منصفانہ کام کیا، جیسے کُھرچ کر جواب بدلنا یا سفیدی لگانا، تو اپنی نااہلی کے ذمہ دار آپ خود ہونگے۔
8. OMR شیٹ کے ساتھ نہ کسی طرح کی چھیڑ چھاڑ کی جا سکتی ہے اور نہ ہی اسے موڑا جا سکتا ہے۔ اگر آپ نے ایسا کیا تو آپ کے OMR شیٹ کا جائزہ نہیں لیا جائے گا۔
9. امتحان ختم ہوتے ہی اصل OMR شیٹ، نگراں کے حوالے کرنا ضروری ہے۔ آپ اسے اپنے ساتھ امتحان ہال کے باہر نہیں لے جا سکتے ہیں۔ البتہ سوال کتابچہ اور OMR شیٹ کا چربہ ساتھ لے جانے کی اجازت ہے۔
10. **صرف سیاہ (کالا) بال پوائینٹ قلم کا استعمال کرنا ہے۔**
11. **کسی بھی کلکولیٹر، موبائیل فون، برقی (الیکٹرونک) آلات وغیرہ کا استعمال سختی سے منع ہے۔**
12. **غلط جواب پر منفی نمبر نہیں ہے۔ (یعنی نمبر نہیں کٹے گا)۔**

## Paper II
## (Urdu)

1۔ ڈراما ''اندر سبھا'' میں ان میں سے کون پری سب سے پہلے آتی ہے۔

(A) نیلم پری

(B) پکھراج پری

(C) سبز پری

(D) لال پری

2۔ ڈراما ''انارکلی'' میں دلآرام کی حیثیت کیا ہے؟

(A) سلیم کی معشوقہ

(B) کنیز

(C) اکبر کی بیوی

(D) انارکلی کی رقیب

3۔ ڈراما 'ضحاک' میں کتنے مناظر (سین) ہیں؟

(A) چھ

(B) سات

(C) آٹھ

(D) پانچ

4۔ ڈراما ''آگرہ بازار'' کے کردار برتن والے کا نام کیا ہے؟

(A) بھولا رام پنساری

(B) رام بھروسے پنساری

(C) رام پرشاد پنساری

(D) بھولا سنگھ پنساری

5۔ کس نقاد نے 'مابعد جدیدیت' پر کتاب لکھی ہے؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی

(B) گوپی چند نارنگ

(C) شکیل الرحمٰن

(D) شبیہ الحسن

6۔ کسی تحریر کے پرانے اور متروک املا کو نئے املا میں پیش کیا جائے تو ایسے نمونے کو تحقیق کی اصطلاح میں کیا نام دیا جاتا ہے؟

(A) ترجمہ

(B) تدوین

(C) تسہیل

(D) تالیف

7۔ 'عملی تنقید' پر کس نقاد نے کتاب لکھی؟

(A) ٹی۔ایس۔ایلیٹ

(B) آئی۔اے۔رچرڈس

(C) میتھو آرنلڈ

(D) آل احمد سرور

8۔ ان میں مارکسی نقاد کون ہیں؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی

(B) رشید احمد صدیقی

(C) اسلوب احمد انصاری

(D) محمد حسن

9۔ 'کیتھارسس' کا فلسفہ کس نے پیش کیا تھا؟

(A) افلاطون

(B) ارسطو

(C) زینوکرے ٹیز

(D) میتھو آرنلڈ

10۔ ان میں کون سی کتاب شمس الرحمٰن فاررقی نے لکھی ہے؟

(A) الفاظ و معنی

(B) داستان سے افسانے تک

(C) اردو افسانہ

(D) فن افسانہ نگاری

11۔ ''تحقیق کسی امر کو اس کی اصلی شکل میں دیکھنے کی کوشش ہے۔''
یہ خیال کس کا ہے؟

(A) مولوی عبدالحق

(B) قاضی عبدالودود

(C) گیان چند جین

(D) رشید حسن خاں

12۔ مغل تاریخ پر مرزا غالبؔ کی کتاب کا کیا نام ہے؟

(A) تزک بابری

(B) تاریخ تیموری

(C) مہر نیمروز

(D) تاریخ جہانگیری

13۔ کس کے خطوط میں عربی و فارسی اشعار کی کثرت ملتی ہے؟

(A) الطاف حسین حالی

(B) علامہ اقبال

(C) ابوالکلام آزاد

(D) مرزا غالبؔ

14۔ غالبؔ کو کس شہر میں اپنا گھوڑا 150 روپیہ میں فروخت کرنا پڑا؟

(A) دہلی

(B) لکھنؤ

(C) کلکتہ

(D) بنارس

15۔ رشید احمد صدیقی کا فن کس وصف کے عبارت ہے؟

(A) لفظوں کا الٹ پھیر

(B) تنسیخ متن

(C) استعارہ سازی

(D) طنز و تعریض

16۔ اردو میں سوانح نگاری کا بانی کون ہے؟

(A) الطاف حسین حالی

(B) علامہ شبلی نعمانی

(C) محمد حسین آزاد

(D) عبدالحلیم شرر

17۔ سرسیّد کے سفرنامہ کا کیا نام ہے؟

(A) سفرِ یورپ

(B) سفرانگلستان

(C) مسافرانِ لندن

(D) دیارِ مغرب

18۔ 'کتے'، کس کا اِنشائیہ ہے؟

(A) سجّاد انصاری

(B) پطرس بخاری

(C) مہدی افادی

(D) عبدالحلیم شرر

19۔ ذیل میں سے کسے رومانی نثر کا عمدہ نمونہ کہا جا سکتا ہے؟

(A) جب کھیت جاگے

(B) ارہر کا کھیت

(C) لیلیٰ کے خطوط مجنوں کی ڈائری

(D) آنندی

20۔ حشمت اور سلطانہ کس ناول کے کردار ہیں؟

(A) اداس نسلیں

(B) فائر ایریا

(C) خدا کی بستی

(D) ٹیڑھی لکیر

21۔ ذیل میں سے کون سی نظم، مخدوم محی الدین کے شعری مجموعے ''گلِ تر'' میں شامل ہے؟

(A) انتظار

(B) مسافر

(C) چاند تاروں کا بن

(D) بنگال

22۔ ناول ''ایک چادر میلی سی'' میں گاؤں کے سرپنچ کا نام کیا ہے؟

(A) چودھری مہربان داس

(B) گیان چند

(C) تارا سنگھ

(D) کیسر سنگھ

23۔ ٹکراتی، کتراتی، مڑتی، اٹھلاتی، شرماتی اور سستاتی یہ سب الفاظ اخترالایمان کی کس نظم میں آئے ہیں؟

(A) ایک لڑکا

(B) پگڈنڈی

(C) بازآمد

(D) تاریک سیارہ

24۔ ذیل میں سے کون سا کردار ناول فردوس بریں کا نہیں ہے؟

(A) زمرد

(B) منقو خاں

(C) حسین

(D) طارق

25۔ انجمنِ پنجاب لاہور کے مشاعرے میں الطاف حسین حالی نے کون سی چار نظمیں پڑھی تھیں؟ صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) برکھارت، نشاطِ امید، تعصب وانصاف، حب الوطن

(B) برکھارت، حب الوطن، مناجات بیوہ، دولت اور وقت کا مناظرہ

(C) برکھارت، نشاطِ اُمید، حب الوطن، مناظرۂ رحم وانصاف

(D) برکھارت، نشاطِ اُمید، مناجات بیوہ، تعصب وانصاف

26۔ کامتا اور اُما، پریم چند کے کس افسانے کے کردار ہیں؟

(A) قاتل کی ماں

(B) بدنصیب ماں

(C) معصوم بچہ

(D) سوانگ

27۔ حسن کوزہ گر نے کتنے عرصے تک اپنے کوزوں کی جانب پلٹ کر نہیں دیکھا تھا؟

(A) پانچ سال

(B) نو سال

(C) گیارہ سال

(D) سات سال

28۔ کس ناول میں جنت کی منظر کشی کا نمونہ ملتا ہے؟

(A) خدا کی بستی

(B) اداس نسلیں

(C) بستی

(D) فردوسِ بریں

29۔ ساحرلدھیانوی کی نظم ''چکلے'' کس بحر میں ہے؟

(A) متقارب مثمن سالم

(B) رمل

(C) متدارک مثمن

(D) ہزج

30۔ افسانوی مجموعہ ''الاؤ'' کا تعارف کس نے لکھا ہے؟

(A) راجندر سنگھ بیدی

(B) انتظار حسین

(C) کرشن چندر

(D) قرۃ العین حیدر

31۔ ع: چلّا کے آدمی کو پکارے ہے آدمی
اس سے قبل کے مصرعے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) یاں آدمی پہ جان کو وارے ہے آدمی

(B) یاں آدمی ہی صید ہے اور آدمی ہی جال

(C) اور آدمی ہی تیغ سے مارے ہے آدمی

(D) پگڑی بھی آدمی کے اتارے ہے آدمی

32۔ ذیل میں سے کون سا جوڑ صحیح نہیں ہے؟

(A) مرزا رسوا — شریف زادہ

(B) انتظار حسین — قید

(C) شوکت صدیقی — جانگلوس

(D) راجندر سنگھ بیدی — ایک چادر میلی سی

33۔ الطاف حسین حالی کی کس نظم میں بن میں آگ لگنا، لومڑیوں کا زبان نکالنا، ہرنوں کا کالا ہونا اور زمین سے شعلوں کے نکلنے کا ذکر ہوا ہے۔

(A) برکھارت

(B) نشاطِ اُمید

(C) حب وطن

(D) مناجات بیوہ

34۔ ''پیاسی چڑیا'' کس کا افسانہ ہے؟

(A) خواجہ احمد عباس

(B) جیلانی بانو

(C) غیاث احمد گدی

(D) اقبال مجید

35۔ ''تین رنگ'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) ن۔م۔راشد

(B) مخدوم محی الدین

(C) ساحر لدھیانوی

(D) میراجی

36۔ راجندر سنگھ بیدی کے افسانے ''ٹرمینس سے پرے'' میں موہن رشتے میں رادھا کا کون ہے؟

(A) باپ

(B) چاچا

(C) بھائی

(D) بھتیجا

37۔ نظم ''پگڈنڈی'' اختر الایمان کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

(A) گرداب

(B) یادیں

(C) نیا آہنگ

(D) بنتِ لمحات

38۔ تاریخی لحاظ سے ڈپٹی نذیر احمد کے ناولوں کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) مراۃ العروس، فسانۂ مبتلا، توبۃ النصوح، ابن الوقت

(B) مراۃ العروس، بنات النعش، توبۃ النصوح، فسانۂ مبتلا

(C) بنات النعش، توبۃ النصوح، مراۃ العروس، ابن الوقت

(D) بنات النعش، مراۃ العروس، توبۃ النصوح، فسانۂ مبتلا

39۔ یارب یہ التجا ہے کرم تو اگر کرے
وہ بات دے زبان پہ کہ دل پر اثر کرے
یہ کس نظم نگار کا شعر ہے؟

(A) الطاف حسین حالی

(B) محمد حسین آزاد

(C) جوش ملیح آبادی

(D) علامہ اقبال

40۔ ان میں تالیف کا نمونہ کون سا ہے؟

(A) گلشن بے خار

(B) سخن ہائے گفتنی

(C) ادبی سماجیات

(D) اثبات ونفی

41۔ 'تنقید' کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) عربی

(B) فارسی

(C) اردو

(D) ترکی

42۔ 'مقدمہ شعر و شاعری' کا سنِ اشاعت کیا ہے؟

(A) 1892

(B) 1893

(C) 1891

(D) 1895

43۔ کس محقق نے دکنیات پر خصوصی تحقیق کی ہے؟

(A) امتیاز علی خاں عرشی

(B) رشید حسن خاں

(C) قاضی عبدالودود

(D) محی الدین قادری زور

44۔ زمانی اعتبار سے اولیت کس داستان کو حاصل ہے۔

(A) فسانۂ عجائب

(B) بوستان خیال

(C) رانی کیتکی کی کہانی

(D) سب رس

45۔ 'کربل کتھا' میں کتنی مجلسیں ہیں؟

(A) دس

(B) گیارہ

(C) بارہ

(D) سات

46۔ ملک شہبال کس داستان کا کردار ہے؟

(A) فسانۂ عجائب

(B) بوستان خیال

(C) باغ و بہار

(D) رانی کیتکی کی کہانی

47۔ شہزادہ جانِ عالم کس شہزادی پر عاشق ہو کر آمادہ سفر ہوا تھا؟

(A) مہر نگار

(B) ماہ طلعت

(C) انجمن آرا

(D) قمر طلعت

48۔ ان میں سے کس داستان میں عربی فارسی کے الفاظ استعمال نہیں کیے گئے ہیں؟

(A) سب رس

(B) رانی کیتکی کی کہانی

(C) باغ و بہار

(D) بوستان خیال

49۔ ''ہیں میری آنکھ میں ——— گوہر''
مذکورہ مصرع کو مکمل کرنے کے لیے صحیح جواب پر نشان لگائیں۔

(A) اشکوں سے پیدا
(B) اشکوں کے تماشا
(C) آنکھوں سے پیدا
(D) چشموں سے تماشا

50۔ مثنوی ''قطب مشتری'' میں کس کی عشقیہ داستان بیان کی گئی ہے۔

(A) علی عادل شاہ کی
(B) قلی قطب شاہ کی
(C) عبداللہ قطب شاہ کی
(D) ناصرالدّین محمود کی

51۔ شمالی ہند کی دو اہم مثنویاں کون کون سی ہیں؟

(A) سحرالبیان، کدم راؤ پدم راؤ
(B) گلزارِنسیم ،سحرالبیان
(C) گلزارِنسیم ، پھول بن
(D) قطب مشتری، بکٹ کہانی

52۔ ''مرثیۂ عارف'' کس شاعر نے لکھا؟

(A) مرزا غالبؔ
(B) میر انیسؔ
(C) مرزا سوداؔ
(D) مرزا دبیرؔ

53۔ شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ کس بادشاہ کے استاد تھے؟

(A) اکبر شاہ ثانی
(B) بہادر شاہ ظفرؔ
(C) محمد شاہ رنگیلے
(D) اورنگ زیب عالم گیر

54۔ ''تھا مستعار حسن سے اوس کے جو نور تھا
...................................''
صحیح مصرع کا انتخاب کیجئے جس سے شعر مکمل ہوجائے۔

(A) ''خورشید میں بھی اوس کا ہی ذرّہ ظہور تھا''
(B) ''ہنگامہ گرم کُن جو دلِ ناصبور تھا''
(C) معلوم یہ ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا''
(D) پیدا ہر ایک نالہ سے شورِ نشور تھا''

55۔ ''ضیغم ڈکارتا ہوا نکلا کچھار سے''
اس مصرع کا تعلق کس صنفِ سخن سے ہے؟

(A) سلام
(B) مثنوی
(C) قصیدہ
(D) مرثیہ

56۔ مومن خاں مومنؔ کے کلام کی خوبیاں کس جوڑ میں موجود ہیں؟ نشان لگائیے۔

(A) رنگین بیانی — مکرِ شاعرانہ
(B) رنگین بیانی — تصوف
(C) تصوف — بے باکی
(D) مکرِ شاعرانہ — دقّتِ الفاظ

57۔ ''عشق نامہ'' کیا ہے؟

(A) عرفان صدیقی کی مثنویوں کا مجموعہ

(B) عرفان صدیقی کی کہانیوں کا مجموعہ

(C) عرفان صدیقی کا مجموعہ کلام

(D) عرفان صدیقی کی آپ بیتی

58۔ روشن جمالِ یار سے ہے انجمن تمام
دہکا ہوا ہے آتشِ گل سے چمن تمام
اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(A) صنعتِ تشبیہ

(B) لف ونشر

(C) صنعتِ استعارہ

(D) کنایہ

59۔ مرزا غالبؔ کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات ہے — صحیح جوڑ پر نشان لگایئے۔

(A) ۱۷۹۷ء — ۱۸۶۹ء

(B) ۱۷۹۸ء — ۱۸۶۸ء

(C) ۱۷۹۵ء — ۱۸۶۹ء

(D) ۱۷۹۷ء — ۱۸۶۷ء

60۔ شعر کا موزوں اور غیر موزوں ہونا کس سے معلوم ہوتا ہے؟

(A) وقفہ سے

(B) تقطیع سے

(C) شرح سے

(D) تعداد سے

61۔ ذیل میں سے کون سا شعر شاد عظیم آبادی کا ہے؟

(A) گھبرا کے یہی کہتے ہیں اب عمر رواں سے
پہنچا دے وہیں گھیر کے لائی تھی جہاں سے

(B) تیری محفل سے اٹھا تا غیر مجھ کو کیا مجال
دیکھتا تھا میں کہ تو نے بھی اشارہ کر دیا

(C) چاہتا ہے مجھ کو تو بھولے نہ بھولوں میں تجھے
تیرے اس طرزِ تغافل کے فدا ہو جایئے

(D) ادنیٰ سا یہ حیرت کا کرشمہ نظر آیا
جو تھا پسِ پردہ سر پردہ نظر آیا

62۔ مرزا دبیرؔ کے کلام کی خصوصیات ہیں۔ صحیح جوڑ پر نشان لگایئے۔

(A) دوراز کار تشبیہات — بلاغت

(B) فصاحت — سلاست

(C) شگفتگی — فصاحت

(D) بلاغت — سلاست

63۔ صحیح جواب پر نشان لگایئے۔
افضل جھنجھانوی نے ''بکٹ کہانی'' میں —

(A) سفر کی روداد بیان کی ہے۔

(B) جنگ کی روداد بیان کی ہے۔

(C) ملاقات کی روداد بیان کی ہے۔

(D) برہا کی روداد بیان کی ہے۔

64۔ ذیل میں سے کون سا جوڑ صحیح ہے۔

(A) ذوق—سوداؔ —— مرثیہ

(B) غالبؔ—دردؔ —— مثنوی

(C) مومنؔ—غالبؔ —— غزل

(D) مومنؔ—دردؔ —— قصیدہ

65۔ '' روشن جمالِ یار سے ہے انجمن تمام
دہکا ہوا ہے آتشِ گل سے چمن تمام ''
مذکورہ شعر کا قافیہ بتایئے۔

(A) جمالِ یار سے ہے انجمن— آتشِ گل سے چمن

(B) ہے انجمن—سے چمن

(C) انجمن تمام—چمن تمام

(D) انجمن—چمن

66۔ اب لب پہ وہ ہنگامۂ فریاد نہیں ہے
اللہ رے تری یاد کہ کچھ یاد نہیں ہے
یہ شعر کس کا ہے؟

(A) حسرتؔ

(B) کلیم عاجز

(C) جگرؔ

(D) فانیؔ

67۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) محسنؔ—زہے نشاط اگر کیجیے اسے تحریر

(B) غالبؔ—زہے نشاط اگر کیجیے اسے تحریر

(C) سوداؔ— زہے نشاط اگر کیجیے اسے تحریر

(D) ذوقؔ— زہے نشاط اگر کیجیے اسے تحریر

68۔ ''ہم بے خود و وارفتہ چلے بزم جہاں سے''—
دل کھول کے واقف نہ ہوئے سود و زیاں سے''
اس شعر میں کون سی صنعت کا استعمال ہوا ہے؟

(A) صنعتِ تشبیہ

(B) صنعتِ استعارہ

(C) صنعتِ کنایہ

(D) صنعتِ تضاد

69۔ ''اصول وضع اصطلاحات'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) وحیدالدین سلیم

(B) جمیل جالبی

(C) پروفیسر آل احمد سرور

(D) پروفیسر محمد حسن

70۔ ذیل میں سے کون معینات میں شامل نہیں ہے؟

(A) ترادف

(B) تخالف

(C) کثیر معنویت

(D) ہم کلامی

71۔ ذیل میں سے کون صوتیات سے متعلق نہیں ہے؟

(A) تلفظ کار

(B) مقامِ تلفظ

(C) طریقِ تلفظ

(D) الحاقیانہ

72۔ ذیل میں سے کون صوتیات سے متعلق نہیں ہے؟

(A) تلفظی صوتیات

(B) سمعی صوتیات

(C) حرکیاتی صوتیات

(D) سمعیاتی صوتیات

73۔ ذیل میں سے کس زبان میں/ ق/ کی آواز/ خ/ کی آواز میں بدل دی جاتی ہے۔

(A) دکنی

(B) گجراتی

(C) راجستھانی

(D) پنجابی

74۔ اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے اور برج بھاشا خاص ہندوستانی زبان ہے'' یہ بیان کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

(A) آبِ حیات

(B) سخندانِ فارس

(C) نیرنگِ خیال

(D) دربارِ اکبری

75۔ اردو کے آغاز وارتقا سے متعلق بحث کا سلسلہ کس سے شروع ہوتا ہے۔

(A) محمد حسین آزاد

(B) میر امن

(C) امیر خسرو

(D) مسعود حسین خان

76۔ ٹیپ کس زبان کا لفظ ہے۔

(A) ہندی

(B) فرانسیسی

(C) اردو

(D) انگریزی

77۔ ذیل میں سے کس سے اردو زبان کا تاریخی رشتہ ملتا ہے؟

(A) شورسینی پراکرت

(B) ماگدھی پراکرت

(C) اردھ ماگدھی پراکرت

(D) مہاراشٹری پراکرت

78۔ پراکرتوں کی کُل کتنی شکلیں ارتقا پزیر ہوئیں؟

(A) آٹھ

(B) چار

(C) سات

(D) تین

79۔ ذیل میں سے کس نے کہا کہ رپورتاژ صحافت اور افسانے کی درمیانی کڑی ہے۔

(A) پروفیسر احتشام حسین

(B) سعادت حسن منٹو

(C) علی سردار جعفری

(D) ابوالکلام آزاد

80- مثلث کا ہر بند کُل کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے؟

(A) پانچ

(B) تین

(C) چار

(D) دو

81- ہائیکو میں کُل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) تین

(B) چار

(C) دو

(D) پانچ

82- لغوی اعتبار سے مستزاد کے کیا معنی ہیں؟

(A) زیادہ کی گئی چیز

(B) تخفیف کی گئی چیز

(C) ضم کی گئی چیز

(D) بٹھائی گئی چیز

83- ذیل میں سے کس صنف کا ابتدائی نام ترانہ تھا؟

(A) قطعہ

(B) واسوخت

(C) شہرآشوب

(D) رباعی

84- ذیل میں سے کس صنف سخن کی کوئی مخصوص ہیئت نہیں ہے؟

(A) شہرآشوب

(B) قصیدہ

(C) مثنوی

(D) رباعی

85- ابتدا میں واسوخت کس ہیئت میں لکھے جاتے تھے؟

(A) مثمن

(B) مسدّس

(C) مخمس

(D) مربع

86- ''اگلے زمانے کے گھریلو ساز و سامان کی ایسی تفصیلیں محفوظ ہوگئی ہیں جواب معدوم ہوتی جا رہی ہیں۔'' ریختی سے متعلق یہ بیان کس کا ہے؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی

(B) گوپی چند نارنگ

(C) محمد حسن عسکری

(D) گیان چند جین

87- ذیل میں سے کس صنف کا نام دوبیتی بھی رہا ہے؟

(A) قطعہ

(B) رباعی

(C) مستزاد

(D) واسوخت

88۔ آریا ہندوستان میں کب داخل ہوئے تھے؟

(A) 2500ق م

(B) 1500ق م

(C) 1000ق م

(D) 2000ق م

89۔ ذیل میں سے کون سا انشائیہ احمد جمال پاشا کا ہے؟

(A) دیا سلائی

(B) مُرغے کی اذان

(C) شامتِ اعمال

(D) بیوی کی انا

90۔ سفر نامہ ''مسافرانِ لندن'' کے مصنّف کا کیا نام ہے؟

(A) یوسف کمبل پوش

(B) سر سیّد احمد خاں

(C) محمد عمر علی خاں

(D) مرزا نثار علی بیگ

91۔ فورٹ ولیم کالج کا قیام کب عمل میں آیا تھا؟

(A) 1750

(B) 1775

(C) 1800

(D) 1900

92۔ اِن میں سے کون ترقّی پسند ادبی تحریک سے منحرف ہو گیا؟

(A) شارب رودولوی

(B) ظ۔ انصاری

(C) علی جوّاد زیدی

(D) خلیل الرحمٰن اعظمی

93۔ ''ترقّی پسند ادبی تحریک''، کِس کی تصنیف ہے؟

(A) قمر رئیس

(B) علی سردار جعفری

(C) خلیل الرحمٰن اعظمی

(D) ظ۔ انصاری

94۔ ان میں سے کِس کی وابستگی حلقۂ اربابِ ذوق سے تھی؟

(A) انتظار حسین

(B) ابنِ انشا

(C) ن،م، راشد

(D) ناصر کاظمی

95۔ اردو میں مابعد جدیدیت کو متعارف کرانے میں کس کا نام اہم ہے؟

(A) وزیر آغا

(B) وارث علوی

(C) فضیل جعفری

(D) وہاب اشرفی

96۔ ذیل میں سے کون حلقۂ اربابِ ذوق سے وابستہ نہیں تھا؟

(A) قیوم نظر

(B) مجید امجد

(C) شوکت صدیقی

(D) سراج منیر

97۔ سب سے پہلے کسے اصلاحِ زبان کا خیال آیا؟

(A) مصحفی

(B) انشا

(C) حاتم

(D) ناسخ

98۔ ذیل میں سے کون دلّی کالج سے وابستہ تھا؟

(A) مولوی وحید الدین سلیم

(B) مولانا عبدالماجد دریابادی

(C) ڈاکٹر ٹیلر

(D) جوش ملیح آبادی

99۔ دبستانِ لکھنؤ کے امتیاز کا بنیادی سبب کیا ہے؟

(A) فطری اظہار

(B) تصوف سے رغبت

(C) پُر تکلف اظہار

(D) ہندی الفاظ کا کثرت سے استعمال

100۔ کِس تحریک کو اردو کا نشاۃِ ثانیہ کہا گیا ہے؟

(A) تحریک ایہام گوئی

(B) رومانی تحریک

(C) علی گڑھ تحریک

(D) ترقّی پسند تحریک

**Space for Rough Work**

## URDU-05 - PAPER - II : X SERIES

| Q.No. | Answer | Q.No. | Answer | Q.No. | Answer | Q.No. | Answer |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | B | 26 | B | 51 | B | 76 | A |
| 2 | B | 27 | B | 52 | A | 77 | A |
| 3 | A | 28 | D | 53 | B | 78 | D |
| 4 | A | 29 | A | 54 | A | 79 | C |
| 5 | B | 30 | C | 55 | D | 80 | B |
| 6 | B | 31 | D | 56 | A | 81 | A |
| 7 | B | 32 | B | 57 | C | 82 | A |
| 8 | D | 33 | A | 58 | C | 83 | D |
| 9 | B | 34 | C | 59 | A | 84 | A |
| 10 | A | 35 | D | 60 | B | 85 | A |
| 11 | B | 36 | C | 61 | A | 86 | D |
| 12 | C | 37 | A | 62 | A | 87 | B |
| 13 | C | 38 | B | 63 | D | 88 | B |
| 14 | C | 39 | B | 64 | C | 89 | C |
| 15 | A | 40 | A | 65 | D | 90 | B |
| 16 | A | 41 | A | 66 | D | 91 | C |
| 17 | C | 42 | B | 67 | D | 92 | D |
| 18 | B | 43 | D | 68 | D | 93 | C |
| 19 | C | 44 | D | 69 | A | 94 | C |
| 20 | C | 45 | A | 70 | D | 95 | D |
| 21 | C | 46 | C | 71 | D | 96 | C |
| 22 | B | 47 | C | 72 | C | 97 | C |
| 23 | B | 48 | B | 73 | A | 98 | C |
| 24 | D | 49 | B | 74 | A | 99 | C |
| 25 | C | 50 | B | 75 | B | 100 | C |